# سوال

رضاعت کتنی بار دودھ پلانے سے ثابت ہوتی ہے؟ امام احمد بن حنبل کے اس حوالے سے موقف کی وضاحت بھی کر دیں۔

# جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بلاشبہ رضاعت کی وجہ سے بھی وہ رشتے حرام ہو جاتے ہیں جو نسب کی وجہ سے حرام ہوتے ہیں۔

ارشاد باری تعالی ہے:

حُرِمَت عَلَيكُم أُمَّهاتُكُم وَبَناتُكُم وَأَخَواتُكُم وَعَمّاتُكُم وَخالاتُكُم وَبَناتُ الأَخِ وَبَناتُ الأُختِ وَأُمَّهاتُكُمُ اللّاتي أَرضَعنَكُم وَأَخَواتُكُم مِنَ الرَّضاعَةِ (النساء: 23)

حرام کی گئیں تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمہاری وہ مائیں جنھوں نے تمھیں دودھ پلایا ہو اور تمہاری دودھ شریک بہنیں۔''

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

الرَّضَاعَةُ تُحَرِّمُ مَا تُحَرِّمُ الوِلَادَةُ ( صحيح البخاري، النكاح: 5099، صحيح مسلم، الرضاع: 1444)

رضاعت ہر اس چیز کو حرام کر دیتی جو نسب حرام کرتا ہے۔

**لیکن یاد رہے! رضاعت دو شرطوں کے ساتھ ثابت ہوتی ہے:**

**1. بچہ دو سال کی عمر ہونے سے پہلے عورت کا دودھ پیے۔**

**2. دودھ کم از کم پانچ مرتبہ پانچ مختلف اوقات میں پیا ہو۔**

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالوالِداتُ يُرضِعنَ أَولادَهُنَّ حَولَينِ كامِلَينِ لِمَن أَرادَ أَن يُتِمَّ الرَّضاعَةَ (البقرة: 233)

اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال دودھ پلائیں، اس کے لیے جو چاہے کہ دودھ کی مدت پوری کرے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:

**كَانَ فِيمَا أُنْزِلَ مِنَ الْقُرْآنِ : عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُومَاتٍ يُحَرِّمْنَ، ثُمَّ نُسِخْنَ، بِخَمْسٍ مَعْلُومَاتٍ، فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُنَّ فِيمَا يُقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ ( صحیح مسلم، الرضاع : 1452)**

قرآن میں نازل کیا گیا تھا کہ دس بار دودھ پلانا جن کا علم ہو، حرمت کا سبب بن جاتا ہے، پھر انہیں پانچ بار دودھ پلانے (کے حکم) سے جن کا علم ہو، منسوخ کر دیا گیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوت ہوئے تو یہ ان آیات میں تھی جن کی (نسخ کا حکم نہ جاننے والے بعض لوگوں کی طرف سے) قرآن میں تلاوت کی جاتی تھی۔

**مثال کے طور پر اگر کوئی بچہ کسی عورت کا دودھ دوپہر ایک بجے پیتا ہے، پھر چار بجے پیتا ہے تو یہ دو رضاعتیں ہو جائیں گی۔**

**امام احمد رحمہ اللہ کا موقف :**

امام احمد رحمہ اللہ کا موقف مذکورہ بالا حدیث کے مطابق ہے کہ اگر بچہ پانچ مرتبہ کسی عورت کا دودھ پی لے تو رضاعت ثابت ہو جائے گی اور وہ عورت اس بچے کی رضاعی ماں بن جائے گی۔ (دیکھیں : المغنی از ابن قدامہ، جلد نمبر 7، صفحہ نمبر 525)

**واللہ أعلم بالصواب**

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث